باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member

کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار

Daily QAUM KI AWAZ karachi

روزنامہ قوم کی آواز کراچی

چیف ایڈیٹر: فراست شاہ

ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث

ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی | مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک

جلد:24 | پیر 28 جمادی الاوّل 1448ھ 09 نومبر 2026ء | شمارہ:230

https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!

''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

**تکبر کرنے والے**

اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اور امر حا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

**حضرت علیؓ**

''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ اور رزق کا کوئی رستہ نہ نکلے تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔




# وزیراعظم پاکستان کی آذربائیجان کو یومِ فتح کی چھٹی سالگرہ پر مبارکباد

وزیراعظم شہباز شریف نے آذربائیجان کے صدر الہام علیوف اور عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ 8 نومبر آذربائیجان کی قوم کی جرات، عزم اور قربانیوں کی تاریخی یادگار ہے آذربائیجان نے تقریباً تین دہائیوں بعد اپنی علاقائی سلامتی بحال کی، آذربائیجان کی کامیابی شہداء کی عظیم قربانیوں کا نتیجہ ہے

**پاکستان اس وقت بھی آذربائیجان کے ساتھ کھڑا تھا اور ہمیشہ ساتھ کھڑا رہے گا، پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان دوستی اور برادرانہ تعلقات ناقابلِ شکست ہیں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ گزشتہ سال باکو میں یومِ فتح کی پریڈ میں صدر الہام علیوف کے ہمراہ شرکت کا اعزاز حاصل ہوا**

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف نے آذربائیجان کے یوم فتح کی چھٹی سالگرہ پر صدر الہام علیوف اور برادر ملک کے عوام کو مبارکباد کا پیغام دیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے آذربائیجان کے صدر الہام علیوف اور عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ 8 نومبر آذربائیجان کی قوم کی جرات، عزم اور قربانیوں کی تاریخی یادگار ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ آذربائیجان نے تقریباً تین دہائیوں بعد اپنی علاقائی سلامتی بحال کی، آذربائیجان کی کامیابی شہداء کی عظیم قربانیوں کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

## اہم خبر



## سی ای او پاکستان ایجوکیشن اینڈ ومنٹ فنڈ کی مشیر سرمایہ کاری بورڈ سے ملاقات

**سیدہ حاجرہ سہیل نے فیروز شاہ، ندیم شاہ کو مستحق طلبہ کو اعلیٰ تعلیم دلانے کیلئے اسکالرشپس فراہمی بارے بتایا**

کراچی (بزنس رپورٹر) وفاقی وزارت تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کے زیر انتظام قائم پاکستان ایجوکیشن اینڈ ومنٹ فنڈ کی چیف ایگزیکٹو آفیسر سیدہ حاجرہ سہیل نے جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ، ان کی اہلیہ و سابق صدر کوئٹہ چلتن لائنز کلب خدیجہ ندیم اور مشیر حکومت پاکستان برائے سرمایہ کاری بورڈ، وائس چیئرمین پاکستان جاپان بزنس فورم سید فیروز شاہ سے ملاقات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

## کراچی میں 9 جعلی اور غیر قانونی ادویات کا انکشاف، ڈریپ کا ریپڈ الرٹ جاری

**ادویات کے نمونوں میں مطلوبہ سالٹ کی تصدیق نہ ہوسکی، استعمال انسانی صحت کے لیے خطرناک قرار**

کراچی (این این آئی) ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان (ڈریپ) نے کراچی کی مارکیٹوں میں جعلی اور غیر قانونی ادویات کی فروخت کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 9 مصنوعات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

## دیوالی روشنی، امن، خوشی اور امید کا تہوار ہے، سید محمد نہال ہاشمی

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے دیوالی کے موقع پر پاکستان سمیت دنیا بھر کی ہندو برادری کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دیوالی روشنی، خوشی، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

## منگھوپیر میں پولیو ٹیم اور کونسلر عبدالغنی کا پولیو قطرے سے انکاری گھروں کا دورہ

کراچی (این این آئی) منگھوپیر ٹاؤن ضلع غربی یونین کمیٹی 2 کے جنرل کونسلر عبدالغنی بلوچ نے پولیو ٹیم کمیونٹی موبلائزرز کے ہمراہ پولیو مہم کے سلسلے میں مختلف انکاری خاندانوں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

## ایف پی سی سی آئی الیکشن، کیا زبیر موتی والا میمن کارڈ استعمال کر پائیں گے

**ایس ایم تنویر کی مقبولیت سے خوفزدہ اپوزیشن رہنما بی ایم پی پی کی قیادت کو گلے لگانے کو دوڑ پڑے**

کراچی (این این آئی) ایف پی سی سی آئی انتخابات میں بزنس مین پینل کی سیاست کو بریک لگ گیا اور اب بی ایم پی کے رہنما پاکستان بزنس مین الائنس کے پلیٹ فارم سے زبیر موتی والا کو صدارتی امیدوار بنانے کیلئے اپنی سیاست چمکائیں گے۔ پاکستان بزنس مین الائنس کی نئی نویلی قیادت اکیلے ایس ایم تنویر کی مقبولیت اور ووٹروں سے مسلسل رابطے کے بعد اتنی خوفزدہ ہوگئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

ایم کیو ایم پاکستان کے مرکز بہادر آباد میں اعلیٰ سیاسی و انتظامی قیادت کا اجلاس، ترقیاتی فنڈز کے شفاف استعمال اور منصوبوں میں بیوروکریٹک رکاوٹیں فوری دور کرنے کی ہدایت، بلدیاتی انتخابات جیتنا بھی اولین ترجیح ہے، چیئرمین ایم کیو ایم

# شہری سندھ کے مسائل کا حل ہماری اولین ترجیح ہے

ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی

سینئر مرکزی رہنماؤں ڈاکٹر فاروق ستار، سید امین الحق، وسیم اختر، افتخار عالم حق پرست اراکین قومی و صوبائی اسمبلی اور مرکزی کمیٹی کے ارکان نے شرکت کی اجلاس میں شہری سندھ کے حقوق، کراچی کی تعمیر نو اور آئندہ بلدیاتی و سیاسی سرگرمیوں کے لیے حکمت عملی پر غور کیا گیا

**ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ کراچی سمیت شہری سندھ کے تمام بڑے شہروں کی بحالی، عوامی فنڈز کا شفاف استعمال اور شہریوں کے بنیادی حقوق کا حصول ایم کیو ایم پاکستان کی سیاست کا محور ہے عوامی مفاد اور ترقی کی راہ میں آنے والی کسی بھی سیاسی یا انتظامی رکاوٹ کو برداشت نہیں کیا جائے گا**



کراچی: ایم کیو ایم پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی پارٹی کی اعلیٰ سیاسی و انتظامی قیادت کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ شہری سندھ کی محرومیوں کا خاتمہ، نئے انتظامی یونٹس کا قیام اور آئندہ بلدیاتی انتخابات میں کامیابی پارٹی کی اولین ترجیحات ہیں۔ تمام اراکین پارلیمان اور تنظیمی شعبوں کو گلی محلوں کی سطح پر متحرک ہونے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اس حوالے سے ایم کیو ایم پاکستان کے مرکز بہادر آباد میں ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کی زیر صدارت اعلیٰ سیاسی و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

## فنکشنل لیگ رہنماؤں کی ہندو برادری کو دیوالی کی مبارکباد

کراچی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ فنکشنل کراچی ڈویژن کے صدر انور عظیم ایڈووکیٹ، سینئر نائب صدر نعیم سجاد، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

## یومِ سیاہ جونا گڑھ: بھارت کے قبضے کے خلاف آواز بلند کرنے کا عزم

کراچی (این این آئی) محبِ قومی سماجی کونسل (ایم کیو ایس سی) پاکستان اور نیشنل فورم فار ہیومن رائٹس آف پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

## علامہ اقبال کو پروفیسر شائستہ سحر کا خراجِ عقیدت

کراچی (این این آئی) سحر یاب ادبی فورم کی چیئرپرسن اور پانچ شعری مجموعوں کی خالق، معروف شاعرہ پروفیسر شائستہ سحر نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

## میر رضا قتل کیس: جے آئی ٹی کا پہلا اجلاس، والد کا بیان قلمبند

**اجلاس پانچ گھنٹے جاری رہا، اہلخانہ اور وکیل جبران ناصر نے خدشات تحقیقاتی ٹیم کے سامنے رکھ دیے**

کراچی (این این آئی) میر رضا قتل کیس کی تحقیقات کے لیے قائم مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (جے آئی ٹی) کا پہلا اجلاس گزشتہ روز پانچ گھنٹے تک جاری رہا، جس میں مختلف اداروں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

## کلفٹن میں بینظیر پارک کے قریب پیٹرول کے کیبن میں آتشزدگی، آگ پر قابو پا لیا گیا

**ریسکیو 1122 کی فائر اینڈ ریسکیو ٹیم نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے آگ مزید پھیلنے سے روک دی**

کراچی (این این آئی) کلفٹن کے علاقے کورنگی، پیر آباد اور اتحاد ٹاؤن میں گھروں کے اندر خواتین گولیوں کا نشانہ بن گئیں

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں نامعلوم سمت سے آنے والی گولیوں کا سلسلہ بدستور جاری ہے، مختلف واقعات میں گھروں کے اندر گولیاں لگنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

## کراچی میں نامعلوم سمت سے آنے والی گولیاں لگنے سے 3 خواتین زخمی

کیبن میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، تاہم ریسکیو کولاچی روڈ پر بینظیر پارک کے قریب پیٹرول کے 1122 کے فائر فائٹرز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

## غزہ مشکلات بڑھ گئیں، 2 لاکھ 60 ہزار خیموں کی ضرورت

غزہ، تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیسک، ایجنسیاں) غزہ میں سرکاری میڈیا آفس کے مشیر تیسر حسین نے کہا ہے سردیوں کی آمد کے ساتھ ہی لاکھوں بے گھر افراد کو درپیش انسانی سانحے کے مزید شدید ہونے سے مشکلات بڑھ گئی ہیں۔ بوسیدہ اور ناکارہ ہو چکے خیموں کی جگہ پٹی کو فوری طور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

## نیسلے پاکستان کی 29 ویں سسٹین ایبل کانفرنس میں دو ایوارڈ کی جیت

**وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ مہمان خصوصی، کنٹری ہیڈ وقار احمد، ڈاکٹر امیر بٹ، کارتار زینا گربوسکا کا اہم خطاب**

**کسانوں اور شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرنا ضروری ہے، فیصل ندیم ہیڈ آف سسٹین ایبلٹی نیسلے پاکستان**

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) اسلام آباد میں ہونے والی 29 ویں سسٹین ایبل ڈیولپمنٹ کانفرنس (SDC) اور سسٹین ایبل انوویشن اینڈ انرجی (SIE) میں دو پائیداری ایوارڈز جیت لیے، جو نیسلے پاکستان کی ویلیو چین میں پائیداری، ری جنریٹو فوڈ سسٹم اور سرکلر اکانومی کے فروغ میں گہری کوششوں کا اعتراف ہے۔ نیسلے پاکستان نے کانفرنس میں "غیر یقینی حالات کے دور میں پاکستان کے زرعی اور غذائی نظام میں تبدیلی: (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)




29 ویں سسٹین ایبل ڈیولپمنٹ کانفرنس میں وفاقی وزیر عطا تارڑ نیسلے پاکستان کے کنٹری ہیڈ وقار احمد کو ایوارڈ پیش کر رہے ہیں

## ساتوں تعلقوں میں 85 سے 90 فیصد فصلیں تباہ یا ناقابلِ پیداوار ہو چکی، وزیر زراعت سندھ

**تھرپارکر میں خشک سالی سے فصلوں کو 90 فیصد نقصان، آبادگاروں کے لیے خصوصی زرعی ریلیف پیکیج تیار کرنے کی ہدایت**

**خریداری پر خصوصی سہولت ڈی اور آئندہ ربیع سیزن کی کاشت کے لیے مالی سہولت فراہم کرنے کی تجاویز شامل ہوں گی**

کراچی (این این آئی) وزیر زراعت سندھ سردار محمد بخش خان مہر نے تھرپارکر میں خشک سالی کے باعث فصلوں کو پہنچنے والے بھاری نقصان کے پیش نظر متاثرہ آبادگاروں کے لیے خصوصی زرعی ریلیف پیکیج تیار کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔ اس سلسلے میں انہوں نے سیکریٹری زراعت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

## کراچی پریس کلب کی فہمیدہ یوسفی کے خلاف سوشل میڈیا مہم کی مذمت

**اختلافِ رائے کی بنیاد پر ذاتی حملے اور توہین آمیز زبان ناقابلِ قبول ہے، فاضل جمیلی و اسلم خان**

**پریس کلب اپنے اراکین کے عزت و وقار، آزادیِ اظہار اور حقِ اختلاف کے تحفظ کیلئے آواز بلند کرتا رہے گا**

کراچی (این این آئی) کراچی پریس کلب کے صدر فاضل جمیلی، سیکریٹری محمد اسلم خان اور مجلس عاملہ نے کلب کی رکن اور انوائرمنٹ کمیٹی کی سیکریٹری فہمیدہ یوسفی کے خلاف سوشل میڈیا پر جاری تضحیک آمیز اور غیر مہذب مہم کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی صحافی کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

## دادو میں آمنہ رند کے ساتھ مبینہ زیادتی، سیاسی رہنماؤں کی مذمت

**حلیم عادل شیخ اور سردار عبدالرحیم کا ملزم کی گرفتاری،**

**متاثرہ بچی کو تحفظ اور قانونی معاونت فراہم کرنے پر زور**

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ اور پاکستان مسلم لیگ فنکشنل سندھ کے سیکریٹری جنرل سردار عبدالرحیم نے دادو میں 16 سالہ آمنہ رند کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

## ایتھوپیا پاکستان کیساتھ تجارتی سرمایہ کاری کے تعلقات مضبوط بنائیگا

**ایتھوپین سفیر ڈاکٹر عمر حسین ابوبا کا شیخوپورہ چیمبر آف کامرس کا دورہ، گروپ ہیڈ منظور الحق ملک نے پرتپاک استقبال کیا**

**عمران زاہد، آصف سعید مغل، محمد اسلم بلوچ، چوہدری عارف حسین گھمن، میلاو گیٹاچیو، کالکیدان تادیسے بھی موجود**

شیخوپورہ (بزنس رپورٹر) شیخوپورہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کو پاکستان میں ایتھوپیا کے وفاقی جمہوریہ کے سفارت خانے کے ایک اعلیٰ سطحی وفد کی میزبانی کا اعزاز حاصل ہوا۔ وفد کی قیادت پاکستان میں ایتھوپیا کے سفیر عزت مآب ڈاکٹر عمر حسین ابوبا کر رہے تھے، جو سفیر غیر معمولی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)




شیخوپورہ چیمبر آف کامرس کے ہیڈ منظور الحق ملک اور صدر عمران زاہد ایتھوپیا کے سفیر کو خصوصی شیلڈ پیش کر رہے ہیں

## صنعتی یونٹس کی انسپکشن سے متعلق حکومتی فیصلہ مسترد کرتے ہیں، رضا حسین

**بے جا سرکاری مداخلت، کاروباری سرگرمیوں میں رکاوٹ پیدا ہوگی، صدر فبائی**

**صنعتی شعبے کو مجوزہ سالانہ انسپکشن کے فیصلے سے فوری طور پر مستثنیٰ قرار دیا جائے**

کراچی (کامرس رپورٹر) فیڈرل بی ایریا ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (فبائی) نے صنعتی یونٹس کی سالانہ انسپکشن کے لیے الیکٹرک انسپکٹریٹ کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے حکومت سے فیصلہ فوری واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ فبائی کے صدر سید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)



رضا حسین نے کہا ہے کہ صنعتی یونٹس کی سالانہ انسپکشن کا فیصلہ بے جا سرکاری مداخلت اور کاروباری سرگرمیوں میں غیر ضروری رکاوٹ پیدا کرنے کے مترادف ہے صنعتی شعبہ پہلے ہی مہنگی بجلی، گیس اور بھاری ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے ایسے میں

## ناصر حسین شاہ کی ہندو برادری کو دیوالی کی مبارکباد

**دیوالی امن، محبت اور خوشحالی کا پیغام دینے والا تہوار ہے، وزیر بلدیات سندھ**

کراچی (این این آئی) وزیر بلدیات سندھ ناصر حسین شاہ نے دیوالی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

## BISP مالی معاونت خیرات نہیں مستحق خاندانوں کا حق ہے

رقیہ خالد

**ملک بھر میں 6 کروڑ سے زائد افراد بی آئی ایس پی سے مستفید ہو رہے ہیں، بینظیر ہنرمند پروگرام کے ذریعے مستحق خاندانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں گے**

**چیئرپرسن کابدین دورہ حاجی تاج محمد ملاح، میر اللہ بخش ٹالپر، ارباب امان اللہ، تنزیلہ ام حبیبہ قمبراں اور بی بی یاسمین شاہ سمیت کاشف رضا منگی، سرفراز سموں اور سراج قاسم سومرو موجود**

کراچی (بزنس رپورٹر) بی آئی ایس پی کی مالی معاونت خیرات نہیں بلکہ مستحق خاندانوں کا حق ہے؛ ملک بھر میں 6 کروڑ سے زائد افراد بی آئی ایس پی سے مستفید ہو رہے ہیں، بینظیر ہنرمند پروگرام کے ذریعے مستحق خاندانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں گے: بدین: (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

## حکمران شاعرِ مشرق کے افکار سے رہنمائی حاصل کریں، پیر ارشد کاظمی

کراچی (این این آئی) تحریک اہلسنّت پاکستان کے صوبائی صدر پیر طریقت صوفی سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا ہے کہ علامہ محمد اقبال نے برصغیر کے مسلمانوں کو سیاسی شعور، جداگانہ قومی تشخص اور آزادی کی جدوجہد کا راستہ دکھایا۔ اقبال کا خواب ایک ایسے پاکستان کا تھا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

## نوجوان سیرتِ مصطفیٰ ﷺ اور تعلیماتِ اسلام کو اپنا رہنما بنائیں، پیر فیض القادری

کراچی (این این آئی) جماعت غوثیہ اہلسنّت انٹرنیشنل کے چیئرمین پیر طریقت مفتی ابوالحسن محمد فیض القادری نے یومِ اقبال کے موقع پر منعقدہ نشست سے خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ علامہ محمد اقبال کی فکر کا بنیادی سرچشمہ قرآن کریم، عشقِ رسول ﷺ، اسلامی تہذیب، روحانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

## وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار کی ہندو برادری کو دیوالی کی مبارکباد

**مندروں پر اضافی پولیس نفری تعینات کرنے کا حکم، وزیر داخلہ سندھ کی مذہبی تقریبات کے دوران فول پروف سیکیورٹی، حساس مقامات کی خصوصی نگرانی کی ہدایت**

کراچی (این این آئی) وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار نے دیوالی کے موقع پر ہندو برادری کو دلی مبارکباد دیتے ہوئے سندھ بھر میں مندروں، مذہبی مقامات اور تقریبات کے لیے فول پروف سیکیورٹی انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کر دی ہے۔ اپنے پیغام میں ضیاء الحسن لنجار نے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

## سرجانی ٹاؤن میں مبینہ پولیس مقابلہ، زخمی سمیت 2 ملزمان گرفتار

**یارو گوٹھ میں کارروائی کے دوران اسلحہ برآمد، زخمی ملزم اسپتال منتقل، گرفتار ملزمان کے سابقہ کرمنل ریکارڈ کی جانچ جاری ہے، پولیس**

کراچی (این این آئی) سرجانی ٹاؤن کے علاقے یارو گوٹھ میں مبینہ پولیس مقابلے کے بعد پولیس نے زخمی سمیت دو ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا۔ پولیس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

## کراچی میں اسلحے کی نمائش کیخلاف کریک ڈاؤن، 3 سیکیورٹی گارڈز گرفتار

**مختلف سیکیورٹی کمپنیوں سے تعلق رکھنے والے گارڈز کے قبضے سے 3 رائفلیں برآمد کر لی گئیں**

کراچی (این این آئی) شہر میں عوامی مقامات پر اسلحے کی نمائش کے خلاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

## پاک چین صنعتی تعاون کا سلسلہ شروع، عارف احسان ملک

**شراکت داری مشترکہ برآمدات پر مبنی مینوفیکچرنگ کی طرف بڑھ رہی ہے، صدر فیصل آباد چیمبر**

**فیصل آباد پاکستان کا اہم ترین صنعتی مرکز ہے جہاں چینی ٹرکوں کی اسمبلنگ کا بہترین ماحول موجود ہے**



فیصل آباد (بزنس رپورٹر) فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر عارف احسان ملک نے کہا ہے کہ چائنا پاکستان اکنامک کوریڈور کے اگلے مرحلے میں صنعتی تعاون کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے جس کے تحت دونوں ممالک کی شراکت داری اب صنعتی ترقی، ٹیکنالوجی ٹرانسفر کیلئے مشترکہ منصوبوں اور برآمدات پر مبنی مینوفیکچرنگ کی طرف بڑھ رہی ہے۔ چین کے تجارتی وفد سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فیصل آباد پاکستان کا اہم ترین صنعتی مرکز ہے جہاں چینی ٹرکوں کی اسمبلنگ کا بہترین ماحول موجود ہے۔ انہوں نے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

## سی ویو پر ڈائیونگ یوتھ رن ریس 1500 سے زائد نوجوانوں کی شرکت

**نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں اور جسمانی فٹنس کی جانب راغب کرنا مقصد ہے، منتظمین**

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے ساحلِ سمندر سی ویو پر ڈائیونگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)



بینظیر اکم سپورٹ پروگرام کی چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد بدین میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں، سراج قاسم سومرو بھی موجود ہیں



وزارت خارجہ کے تحت منعقدہ ڈپلومیٹک بازار کے موقع پر عراقی قونصلیٹ کے ڈپلومیٹک اتاشی امادیاسین ابید اور بیگم کا معروف تعلیمی شخصیات محمد حسن خان اور محمد اطہر خان کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو

روزنامہ قوم کی آواز
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
نیوز ایڈیٹر: عدنان ملک
کراچی
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرضی ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
GROUP OF PUBLICATION
VON VOICE OF NATION
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

## بلاول بھٹو کا صائب مشورہ۔۔۔۔!

پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان اِس وقت معاشی مشکلات کا شکار ہے، کسی سے جھگڑنے کے بجائے تمام سیاسی اور صوبائی سٹیک ہولڈرز سے بات چیت کی جائے، اگر پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) اور مولانا فضل الرحمان سے لڑتے رہیں گے تو ترقی کب کریں گے؟ لاڑکانہ میں 600 بستروں پر مشتمل نئے ہسپتال کا سنگِ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اُن کا کہنا تھا کہ وفاقی حکومت کو سیاسی اختلافات ختم کر کے معاشی چیلنجوں سے نبٹنے پر توجہ دینی چاہئے۔ بلاول بھٹو زرداری کا یہ بھی کہنا تھا کہ دنیا بھر میں معاشی بحران ہے اور پاکستانی عوام کا جینا بھی مشکل ہو گیا ہے، اِن حالات میں ہر کسی سے جھگڑنے کے بجائے بات چیت کا راستہ اختیار کرنا چاہئے۔ انتخابی اصلاحات سے متعلق کمیٹی میں پی ٹی آئی کو شریک ہونا چاہئے، وہ انتخابی اصلاحات کے عمل میں شامل نہیں ہوتی تو پھر دھاندلی کا رونا بھی نہ روئے۔ انہوں نے یہ پیشکش بھی کی کہ حکومت اور پی ٹی آئی دہشت گردی کے خلاف آپریشن پر اتفاق کر لیں تو وزیرِاعظم کو گورنر راج اٹھانے کا کہوں گا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے مزید کہا کہ افغانستان اور بھارت سے بھی لڑ رہے ہیں، اندرونی سیاسی لڑائیاں بھی جاری رہیں تو پھر ملک کو درپیش معاشی چیلنجوں کا مقابلہ کیسے کریں گے؟ وہ سابق وزیرِخارجہ کی حیثیت سے وفاقی حکومت کو مشورہ دیتے ہیں کہ وہ اختلافات ختم کر کے ملک کی معاشی صورتحال پر توجہ دے، اُسے صوبائی اور سیاسی سٹیک ہولڈرز کے ساتھ رابطے برقرار رکھنے چاہئیں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے یہ بھی بتایا کہ اُن کی وزیرِاعظم شہباز شریف سے ملاقات بہت مثبت رہی، جس میں مل کر حکمت عملی بنائی ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ وفاقی حکومت کے ساتھ مل کر کام کریں۔ بلاول بھٹو نے یہ بھی کہا کہ اُنہوں نے وزیرِاعظم کو وفاقی کابینہ کے اجلاس مختلف صوبوں میں منعقد کرنے کی تجویز دی ہے۔ حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان سیاسی تناؤ تو گزشتہ چند سالوں سے جاری ہے لیکن جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) کے امیر مولانا فضل الرحمان سے تعلقات تو مٹھاس سے بھرپور رہے ہیں، وہ اُس پاکستان ڈیموکریٹک الائنس (پی ڈی ایم) کی قیادت کر رہے تھے جس نے پی ٹی آئی کی وفاقی حکومت تحریک عدم اعتماد کے ذریعے ختم کی تھی۔ خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی لگا کر پی ٹی آئی کی حکومت معزول کی گئی تو مولانا فضل الرحمان نے اس سے پیشتر حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان مصالحت کرانے کے لئے پیش قدمی کی تھی، اس میں کامیابی نہیں ہو سکی تو مولانا کا لہجہ تلخ ہو گیا۔ انہیں وفاقی حکومت سے شدید شکایات پیدا ہو گئیں جس کا برملا اظہار بھی کر دیا۔ قومی اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ریاستی اداروں کے بارے میں غیر محتاط الفاظ کہے تو وزیر دفاع اور وزیر داخلہ کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیرِاعظم شہباز شریف نے انہیں پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کے معاملے پر سیاسی ڈیڈ لاک ختم کرانے کے لئے کردار ادا کرنے کو کہا تھا لیکن بعد میں حکومت نے اپنا مؤقف تبدیل کر لیا۔ خواجہ آصف نے اگلے روز اسمبلی فلور پر اُن کی تقریر کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ اقتدار میں حصہ نہ ملنے پر اُن کا رویہ تبدیل ہو جاتا ہے، خیبر پختونخوا کے موجودہ حکومتی سیٹ اَپ میں حصہ دے دیا جاتا تو شاید وہ ایوان میں ایسی تقریر نہ کرتے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے بھی مولانا کو جواب شدید جذباتی انداز میں دیا اور ان پر الزامات کی بوچھاڑ کر دی۔ اُنہوں نے پی ٹی آئی سینیٹر علی ظفر کو مخاطب کرتے ہوئے یہ دعویٰ کیا کہ گورنر راج نافذ ہونے سے پہلے جے یو آئی کے بعض رہنما خود حکومت سے کہتے تھے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج نافذ کیا جائے اور پی ٹی آئی حکومت سے جان چھڑائی جائے۔ اس کے بعد مولانا کے حامیوں اور بعض وزرائے کرام میں بیانات کا تبادلہ شروع ہو گیا۔ ساتھ ہی خبریں آئیں کہ اُن کے صاحبزادے اور سابق وفاقی وزیر کو پاکستان پوسٹ آفس میں مبینہ غیر قانونی بھرتیوں اور مالی بے ضابطگیوں پر نیب اور فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) کے نوٹس ملے ہیں۔




## میر پور خاص میں آل سندھ لائرز کنونشن، وکلاء کا ہر سازش کیخلاف مزاحمت کا اعلان

آل سندھ لائرز کنونشن، سندھ بار کونسل کے وائس چیئرمین بیرسٹر اشتیاق احمد میمن نے کہا کہ صوبے کمزور ہوں گے تو وفاق بھی کمزور ہوگا



میر پور خاص (بیورو رپورٹ خاور انیس) سندھ کی ممکنہ تقسیم، نئے انتظامی یونٹس کے قیام اور ساحلی پٹی وفاق کے حوالے کرنے کی مخالفت، میر پور خاص میں آل سندھ لائرز کنونشن، وکلاء کا ہر سازش کے خلاف مزاحمت کا اعلان، سندھ کی ممکنہ تقسیم کے خلاف سندھ بار کونسل، ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن میر پور خاص اور ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن میر پور خاص کے مشترکہ تعاون سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

## حیسکو کوئی فلاحی ادارہ نہیں جو مفت بجلی فراہم کرے، بجلی خرید کر صارفین تک پہنچائی جاتی ہے، بجلی چوری برداشت نہیں کریں گے، حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری



میر پور خاص (بیورو رپورٹ خاور انیس) حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری نے کہا ہے کہ حیسکو کوئی فلاحی ادارہ نہیں جو مفت بجلی فراہم کرے، بجلی خرید کر صارفین تک پہنچائی جاتی ہے، اس لیے بجلی چوری اور بلوں کی عدم ادائیگی سے ادارے کو بھاری مالی نقصان ہوتا ہے جس کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

## ٹنڈو الہیار میں نوجوان کی مبینہ گمشدگی کیخلاف احتجاج، پولیس پر ایک ساتھی کو حراست میں ظاہر نہ کرنے کا الزام، حکام سے بازیابی کا مطالبہ

ٹنڈو الہیار (نمائندہ قوم کی آواز) گاؤں موریو ساند کے رہائشیوں نے مشائخ ہوتی تھانے کی پولیس کی مبینہ زیادتیوں اور ایک نوجوان کو حراست میں ظاہر نہ کرنے کے خلاف ٹنڈو الہیار پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر بہران ساند (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

## نوشہرو فیروز میں مختلف حادثات اور واقعات میں بچی سمیت چھ افراد جاں بحق

نوشہرو فیروز (نمائندہ قوم کی آواز) نوشہرو فیروز اور گردونواح میں مختلف حادثات اور واقعات کے دوران معصوم بچی سمیت چھ افراد جاں بحق جبکہ متعدد زخمی ہو گئے۔ جاں بحق افراد کی لاشیں گھروں میں پہنچنے پر کہرام مچ گیا، پولیس نے واقعات کی تحقیقات شروع کر دیں۔ تفصیلات کے مطابق قومی شاہراہ پر ہالانی کے قریب گاؤں مٹھو خان کے مقام پر سڑک عبور کرتے ہوئے 8 سالہ بچی اقصول دختر شمن علی جوگی مسافر بس کی زد میں آ کر موقع پر جاں بحق ہو گئی۔ حادثے کے بعد بس ڈرائیور فرار ہو گیا۔ مقامی افراد نے بچی کی لاش اسپتال منتقل کی، جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی گئی۔ دوسرے واقعے میں زرعی زمین کے تنازع پر مٹنگیجو برادری کے دو گروپوں میں تصادم ہو گیا، جس کے دوران فائرنگ سے نوجوان عجیب مٹنگیجو جاں بحق جبکہ ندیم، نسیم، غلام عباس اور باگیل شدید زخمی ہو گئے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

## ڈگری کے قریب دیوالی کی خوشیاں ماتم میں تبدیل، پانی کے گڑھے میں ماں بیٹی ڈوب گئیں، دو سالہ بچی جاں بحق

ڈگری (نمائندہ قوم کی آواز) ڈگری کے قریب دیوالی کی خوشیاں ماتم میں تبدیل، پانی کے گڑھے میں ماں بیٹی ڈوب گئیں، دو سالہ بچی جاں بحق، ماں کو بے ہوشی کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



## چیف سیکریٹری سندھ سید آصف حیدر شاہ کا پتھورو میں پینے کے پانی کی فراہمی اور ٹیل کے کاشتکاروں کو زرعی پانی کی عدم دستیابی کا نوٹس



میر پور خاص (بیورو رپورٹ خاور انیس) چیف سیکریٹری سندھ سید آصف حیدر شاہ نے ضلع عمرکوٹ کے شہر پتھورو میں پینے کے پانی کی فراہمی میں درپیش مشکلات اور نہروں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

## تھر پارکر: بی آئی ایس پی کی مستحق خواتین سے ملاقات کے لیے روبینہ خالد کا دورہ مٹھی (آج) ہوگا

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد سندھ کے خصوصی دورے کے دوران پیر کے روز ضلع تھر پارکر کے شہر مٹھی پہنچیں گی، جہاں وہ بی آئی ایس پی سے مستفید ہونے والی خواتین اور ان کے اہل خانہ سے ملاقاتیں کریں گی، ان کے مسائل اور شکایات سننے کے علاوہ پروگرام کے تحت جاری سماجی تحفظ کے اقدامات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

## کنری: حیافاؤنڈیشن پاکستان کے زیرِ اہتمام سیرت النبی مقابلے میں حصہ لینے والے طلبہ کے اعزاز میں انعاماتی تقریب



کنری (رپورٹ رضوان مغل) حیا فاؤنڈیشن پاکستان کے زیرِ اہتمام سیرت النبی مقابلے میں حصہ لینے والے طلبہ کے اعزاز میں انعاماتی تقریب تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

## عباسی شہید اسپتال کے نئے بلاک میں او پی ڈی کا افتتاح، ضلع وسطی میں صحت کی سہولیات کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت



کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی بلدیہ عظمیٰ کراچی میئر کراچی پیر سرمرتضیٰ وہاب کی قیادت میں شہر کے انفراسٹرکچر کی بہتری کے ساتھ ساتھ صحت اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

## میر پور خاص میں ہندو برادری نے دیوالی کا تہوار مذہبی جوش وخروش سے منایا

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) میر پور خاص میں ہندو برادری نے دیوالی کا تہوار مذہبی عقیدت اور خوشیوں کے ساتھ منایا۔ تہوار کی تیاریوں کے سلسلے میں شہر کے بازاروں میں خریداری کا غیر معمولی رش دیکھنے میں آیا، جبکہ مٹھائی اور پٹاخوں کی خریداری کے لیے بھی شہریوں کی بڑی تعداد مارکیٹوں کا رخ کرتی رہی۔ دیوالی کے موقع پر بازاروں کے مختلف علاقوں میں پٹاخوں کے خصوصی اسٹال لگائے گئے تھے، جبکہ مٹھائی کی دکانوں پر بھی خریداروں کا رش رہا۔ شاپنگ کے لیے آنے والے افراد کا کہنا تھا کہ تہوار کی تیاریوں میں مختلف اشیا کی خریداری کے ساتھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

## شرح تبادلہ

| کرنسی | قیمت خرید | قیمت فروخت |
|---|---|---|
| امریکی ڈالر | 279.00 | 279.40 |
| یورو | 321.18 | 326.17 |
| برطانوی پونڈ | 371.49 | 375.25 |
| امارات درہم | 75.95 | 76.75 |
| سعودی ریال | 74.30 | 74.95 |
| کویتی دینار | 885.17 | 895.85 |
| کینیڈین ڈالر | 195.60 | 198.00 |
| آسٹریلین ڈالر | 176.25 | 178.50 |
| عمانی ریال | 724.50 | 733.00 |
| جاپانی ین | 1.91 | 1.97 |
| ملائیشین رنگٹ | 62.18 | 62.78 |
| قطر دینار | 76.18 | 76.88 |
| بحرین دینار | 740.30 | 748.30 |
| ہانگ کانگ ڈالر | 36.24 | 36.59 |
| سنگاپور ڈالر | 210 | 212 |
| بھارتی روپیہ | 3.12 | 3.21 |

## ٹرینوں کی آمد و رفت

| | | |
|---|---|---|
| علامہ اقبال ایکسپریس | 2:15 | 8:10 |
| ہزارہ ایکسپریس | 7:35 | 11:45 |
| عوام ایکسپریس | 7:00 | 7:16 |
| سکھر ایکسپریس | 11:10 | 7:10 |
| کراچی ایکسپریس | 6:00 | 11:45 |
| بہاؤالدین زکریا | 6:30 | 8:50 |
| شالیمار ایکسپریس | 6:00 | 11:45 |
| پاکستان ایکسپریس | 1:30 | 8:35 |
| گرین لائن | 10:00 | 1:55 |
| تیز گام | 5:30 | 9:55 |

## نماز ٹائمنگ

| | |
|---|---|
| فجر | 05:24 am |
| ظہر | 01:30 pm |
| عصر | 04:45 pm |
| مغرب | 05:48 pm |
| عشاء | 07:45 pm |

## نرخ نامہ برائے پولٹری

| نام | قیمت |
|---|---|
| برائلر مرغی | 398/kg |
| برائلر مرغی کا گوشت | 635/kg |
| انڈے (فارم) ہول سیل | 244/Dozen |
| انڈے (فارم) ریٹیل | 260(Dozen) |

## GOLD RATE

| | |
|---|---|
| سونا 24K-(10 گرام) | 387,517 |
| سونا 24K-(فی تولہ) | 452,000 |
| سونا 22K-(10 گرام) | 355,224 |
| سونا 22K-(فی تولہ) | 414,440 |
| چاندی-(10 گرام) | 5824 |

# سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

## حسنِ قراۃ کا ہوا عظیم الشان اہتمام، برکاتی بچوں کو مل گیا پہلا اور دوسرا انعام

سیلانی ویلفیئر کے مقابلہ حسنِ قراۃ واذان میں مولانا بشیر فاروقی، مفتاح اسماعیل، عارف برکاتی، حسان پردیسی اور محمد اظہر قادری موجود

کامیابی خدا پاک کی طرف سے ملی، روح رواں برکاتی فاؤنڈیشن ڈاکٹر حاجی رفیق پردیسی کی دینی و تعلیمی خدمات قابل تحسین ہیں، محمد عثمان غنی

جامعہ غوثیہ برکاتیہ کا نام روشن، مولانا محمد ابراہیم، والدین، اساتذہ اور برکاتی فاؤنڈیشن کے ذمہ داران کی قابل تعریف سرپرستی سے دو انعام مل گئے




کراچی (علیم نواب خان) سیلانی ویلفیئر کے زیرِ اہتمام منعقدہ مقابلہ حسنِ قراۃ واذان میں جامعہ غوثیہ برکاتیہ بلدیہ ٹاؤن کے ہونہار طالب علم محمد عثمان بن عاشق حسین نے شعبہ حسنِ قراۃ میں پہلی پوزیشن حاصل کر کے نہ صرف اپنے والدین بلکہ اپنے تعلیمی ادارے کا نام بھی روشن کر دیا۔ طالب علم کی اس نمایاں کامیابی پر جامعہ غوثیہ برکاتیہ کے اساتذہ، منتظمین، والدین اور برکاتی فاؤنڈیشن کے ذمہ داران کی جانب سے خوشی اور مسرت کا اظہار کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سیلانی ویلفیئر کی جانب سے حسنِ قراۃ واذان کے مقابلے کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف طلبہ نے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ اس مقابلے میں جامعہ غوثیہ برکاتیہ کے طالب علم محمد عثمان نے شعبہ حسنِ قراۃ میں اپنی بہترین کارکردگی کے ذریعے پہلی پوزیشن حاصل کرنے کا اعزاز حاصل کیا۔ ان کی اس کامیابی کو قرآن کریم سے محبت، دینی تعلیم کے حصول اور حسنِ قراۃ کے فروغ کے حوالے سے ایک قابلِ تحسین پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ محمد عثمان بن عاشق حسین کے لیے بھی ایک اہم اعزاز ہے، کیونکہ کسی بھی تعلیمی ادارے کے طالب علم کی ایسی کامیابیاں ادارے کی تعلیمی و تربیتی کاوشوں کو اجاگر کرتی ہیں۔ اس کامیابی سے دیگر طلبہ کو بھی دینی تعلیم، قرآن کریم کی تلاوت اور مختلف علمی و دینی مقابلوں میں حصہ لینے کی ترغیب ملے گی۔ اس موقع پر طالب علم محمد عثمان، ان کے والدین اور جامعہ غوثیہ برکاتیہ کے تمام اساتذہ و منتظمین کو دلی مبارکباد پیش کی گئی۔ خصوصی طور پر جامعہ کے ناظمِ اعلیٰ مولانا محمد ابراہیم صاحب کی تعلیمی، دینی اور تربیتی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں بھی اس شاندار کامیابی پر مبارکباد دی گئی۔ اساتذہ کی محنت، رہنمائی اور طلبہ کی حوصلہ افزائی کو تعلیمی کامیابیوں کے حصول میں بنیادی اہمیت کا حامل قرار دیا گیا۔ اسی طرح برکاتی فاؤنڈیشن کے تمام ذمہ داران اور اراکین کو بھی اس کامیابی پر مبارکباد پیش کی گئی، جبکہ خصوصی طور پر جناب محمد رفیق پردیسی صاحب کی سرپرستی، تعاون اور حوصلہ افزائی کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔ ان کی جانب سے دینی و تعلیمی سرگرمیوں کی سرپرستی اور معاونت کو قابلِ قدر خدمت قرار دیتے ہوئے کہا گیا کہ ایسے اقدامات معاشرے میں دینی تعلیم کے فروغ اور نئی نسل کی بہتر تربیت کے لیے اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ مزید کہا گیا کہ معاشرے میں قرآن کریم کی تعلیم، درست تلفظ، خوش الحانی اور حسنِ قراۃ کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ نوجوان نسل کو قرآن کریم سے جوڑنے اور ان میں دینی شعور بیدار کرنے کے لیے تعلیمی اداروں، اساتذہ، والدین اور فلاحی تنظیموں کو مشترکہ طور پر اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ آخر میں دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ طالب علم محمد عثمان کو مزید کامیابیوں سے نوازے، انہیں علم و عمل، حسنِ قراۃ اور خدمتِ قرآن کے میدان میں نمایاں ترقی عطا فرمائے، جبکہ جامعہ غوثیہ برکاتیہ، برکاتی فاؤنڈیشن اور تمام معاونین و ذمہ داران کی دینی و تعلیمی خدمات کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ آمین یارب العالمین۔ جامعہ غوثیہ برکاتیہ بلدیہ ٹاؤن کے حلقوں میں اس کامیابی کو باعثِ فخر و مسرت قرار دیا گیا ہے۔

☆☆




## خواتین کی معاشی سرگرمیوں میں شمولیت: پاکستان کی سماجی و اقتصادی ترقی کیلئے ضروری ہے، ناصر شاہ

صوبائی وزیر کا یو این ویمنز ایمپاورمنٹ پرنسپلز ایوارڈز کے 17 فاتحین کو اعزازات سے نوازنے کی تقریب سے خصوصی خطاب

کامیابی یہ ہے کہ خواتین رکاوٹوں اور پریشانی کے بغیر کام کر سکیں، کنٹری نمائندے یو این ویمنز پاکستان جمشید ایم کاظمی کا مکالمہ

خواتین کو مساوی مواقع فراہم کریں اور انہیں اپنا بہتر کردار ادا کرنے دیں، فہمیدہ اقبال خان، نشاط فاطمہ کا بھی اظہار خیال




کراچی (بزنس رپورٹر) یو این ویمن پاکستان نے 2026 کے ویمنز ایمپاورمنٹ پرنسپلز (WEPs) ایوارڈز کی تقریب میں 17 کاروباری اداروں اور رہنماؤں کو صنفی مساوات کے فروغ اور خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کے لیے ان کی خدمات کے اعتراف میں اعزازات سے نوازا۔ یہ ایوارڈز کام کی جگہوں، کاروباری طریقہ کار اور کمیونٹیز میں مثبت تبدیلی لانے والے اقدامات کے اعتراف میں دیے گئے۔ اس تقریب میں سات مختلف کیٹیگریز کے تحت فاتحین اور رنرز اپ کو اعزازات دیے گئے، جن کا انتخاب ملک بھر سے موصول ہونے والی 52 درخواستوں میں سے کیا گیا۔ ان میں بڑی کارپوریشنز کے علاوہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے (SMEs) بھی شامل تھے۔ ان ایوارڈز کے ذریعے جامع قیادت کے فروغ، صنفی حساس کاروباری طریقہ کار کو مضبوط بنانے اور خواتین کے لیے معاشی مواقع میں توسیع کی کوششوں کو سراہا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یو این ویمن پاکستان کے کنٹری نمائندے جمشید ایم کاظمی نے کہا کہ کاروباری کامیابی کو صرف پیداوار سے نہیں بلکہ اس بات سے بھی جانچا جانا چاہیے کہ اس کے نتیجے میں لوگوں کی زندگیوں میں کتنی بہتری آئی اور انہیں کتنے نئے مواقع فراہم کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ جب خواتین رکاوٹوں کے بغیر کام کر سکیں، عزت و وقار کے ساتھ اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں، مساوی شرائط پر مارکیٹ تک رسائی حاصل کریں اور اپنی زندگیوں پر اثر انداز ہونے والے فیصلوں میں کردار ادا کریں تو کاروباری ادارے محض ترقی نہیں کرتے بلکہ صنفی مساوات کو فروغ دیتے ہوئے معیشت کی نئی تشکیل میں بھی مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ جمشید کاظمی نے کاروباری اداروں پر زور دیا کہ وہ صرف تحریری وعدوں تک محدود نہ رہیں بلکہ ایسی تبدیلیاں متعارف کروائیں جن کے مثبت اثرات خواتین اپنی روزمرہ زندگی میں محسوس کر سکیں۔ مہمانِ خصوصی وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ نے کہا کہ خواتین کی معاشی سرگرمیوں میں شمولیت پاکستان کی سماجی اور اقتصادی ترقی کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مساوی مواقع، جامع کام کی جگہوں اور خواتین کی قیادت کو تسلیم کرنے والے کاروباری ادارے حکومت، کاروباری شعبے اور ترقیاتی شراکت داروں کی مشترکہ ذمہ داری کو مزید مضبوط بناتے ہیں، تاکہ خواتین کے لیے سازگار ماحول پیدا کیا جا سکے۔ ساؤتھ ایئر کی چیف ایگزیکٹو آفیسر اور معروف مقرر نشات فاطمہ نے کہا کہ خواتین کو مساوی مواقع فراہم کرنے سے انہیں اپنا کردار ادا کرنے، ترقی کرنے اور مضبوط اداروں کی قیادت کرنے کا موقع ملتا ہے۔ اس سے جدت طرازی کو فروغ حاصل ہوتا ہے اور پاکستان کے لیے زیادہ خوشحال مستقبل کی راہ ہموار ہوتی ہے۔ ان ایوارڈز میں ان اداروں کو بھی سراہا گیا جنہوں نے اپنی مصنوعات، خدمات اور کاروباری نظام میں صنفی مساوات کے اصولوں کو شامل کیا، جامع خریداری کے طریقہ کار کو فروغ دیا اور خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے شراکت داریاں قائم کیں۔ ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کے ذریعے صنفی مساوات کو فروغ دینے والے اقدامات کو بھی نمایاں کیا گیا، جبکہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کی جانب سے زیادہ جامع کاروباری طریقہ کار اپنانے کی کوششوں کو بھی سراہا گیا۔





بقیہ نمبر 1 ﴿قوم کی آواز﴾

آل سندھ لائرز کنونشن منعقد کیا گیا جس میں سندھ بھر کی مختلف بار ایسوسی ایشنز سے تعلق رکھنے والے وکلا کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے وکلا رہنماؤں نے کہا کہ حکمرانوں کی نظریں سندھ کے وسائل پر ہیں، سندھ کو تقسیم کرنے، نئے انتظامی یونٹس قائم کرنے یا سندھ کی ساحلی پٹی وفاق کے حوالے کرنے کی کسی بھی کوشش کی بھرپور مزاحمت کی جائے گی اور سندھ کی وحدت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اس موقع پر سندھ بار کونسل کے وائس چیئرمین بیرسٹر اشتیاق احمد کیمون نے کہا کہ صوبے کو کمزور ہوں گے تو وفاق بھی کمزور ہوگا، جس انداز میں فیڈریشن کو چلایا جا رہا ہے وہ مزید نہیں چل سکتی۔ سندھ کے وکلا ایسی کسی سازش کو قبول نہیں کریں گے جس سے سندھ کی وحدت کو نقصان پہنچے۔ فی الحال سندھ کی تقسیم کے وائس چیئرمین بیرسٹر اشتیاق احمد کیمون نے کہا کہ صوبے کو کمزور ہوں گے تو وفاق بھی کمزور ہوگا، جس انداز میں فیڈریشن کو چلایا جا رہا ہے وہ مزید نہیں چل سکتی۔ سندھ کے وکلا ایسی کسی سازش کو قبول نہیں کریں گے جس سے سندھ کی وحدت کو نقصان پہنچے۔ فی الحال سندھ کی تقسیم کی بات درباری حلقوں کی بھرپور مزاحمت کی جائے گی اور سندھ کی وحدت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اس موقع پر سندھ بار کونسل

# جناح اسپتال کراچی میں اینڈوسکوپک الٹراساؤنڈ کی سہولت مہیا

## معدے، آنتوں اور لبلبے کے کینسر سمیت پیچیدہ امراض کی تشخیص اور علاج ممکن ہوگا، ڈاکٹر خالد شیر نے خالد محمود کو شیلڈ پیش کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر (جناح اسپتال) میں جدید طبی سہولت متعارف کرادی گئی ہے، جس کے تحت معدے، آنتوں اور لبلبے کے پیچیدہ امراض کی تشخیص اور علاج ممکن ہوسکے گا۔ اینڈوسکوپک الٹراساؤنڈ (EUS) کی جدید سہولت سے کراچی سمیت سندھ کے دیگر شہروں اور بلوچستان کے مریض بھی مستفید ہوسکیں گے۔ طبی ماہرین کے مطابق اس جدید سہولت کے ذریعے معدے، آنتوں اور لبلبے کے امراض کی بروقت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)



# پی ایس کیو سی اے اور فیصل آباد چیمبر کا ادارہ جاتی تعاون مضبوط

## ڈاکٹر سیدہ ضیاء بتول کا سینئر نائب صدر میاں سعید نے پرتپاک استقبال کیا، ذکاء اللہ، ڈاکٹر سرفراز احمد اور محمد جاوید موجود

فیصل آباد (بزنس رپورٹر) ڈاکٹر سیدہ ضیاء بتول، ڈائریکٹر جنرل، پاکستان اسٹینڈرڈز اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی (PSQCA) نے فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FCCI) کا دورہ کیا تاکہ باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا جاسکے اور PSQCA اور صنعتی برادری کے درمیان تعاون کو مضبوط کیا جاسکے۔ FCCI کے سینئر نائب صدر میاں سعید نے ڈائریکٹر جنرل کا پرتپاک استقبال کیا اور PSQCA اور تاجر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)



# ہم انسانیت کی تشکیل نو کے مرحلے سے گزر رہے ہیں، شیری رحمٰن

## پاکستان کا ایران امریکا کشیدگی روکنے کے لیے سفارتی سطح پر اہم کردار ہے، چانسلر اکبر ایس زیدی کے ہمراہ کانفرنس سے خطاب



کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی رہنما سینیٹر شیری رحمٰن نے کہا ہے کہ ہم سیاسی، معاشی اور تکنیکی تبدیلی کے عام دور سے نہیں گزر رہے، ہم انسانیت کی تشکیل نو کے گہرے مرحلے سے گزر رہے ہیں، پولی کرائسز کا مقابلہ کرنے کیلیے روایتی پالیسیوں سے ہٹ کر سوچ اپنانا ضروری ہے، پاکستان کا ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی روکنے کیلیے سفارتی سطح پر انتہائی اہم کردار رہا ہے، عالمی تنازع تھمتے ہی عالمی منڈی میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)





# عمران احمد کو ایس ایس جی سی کا ترجمان نامزد کردیا گیا

## توانائی کے شعبے اور میڈیا میں 25 سال سے زائد کے متنوع تجربے کے حامل ہیں

کراچی (بزنس رپورٹر) ایس ایس جی سی کے سابق ترجمان سلمان احمد صدیقی کی مدت ملازمت مکمل ہونے پر کمپنی کے شعبہ کارپوریٹ کمیونیکیشن کے سینئر رکن سید عمران احمد کو ایس ایس جی سی کا نیا باضابطہ ترجمان مقرر کردیا گیا ہے، توانائی کے شعبے اور میڈیا میں 25 سال سے زائد کے متنوع تجربے کے حامل عمران احمد مارکیٹنگ اور کارپوریٹ کمیونیکیشن کے شعبے کے تجربہ کار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

# الخیر ٹرسٹ کے زیر اہتمام گلبرگ جم خانہ میں مفت میڈیکل کیمپ

## مستحق اور پسماندہ علاقوں میں طبی کیمپس کا دائرہ پورے کراچی تک پھیلائیں گے، محمد طاہر انصاری

کراچی (این این آئی) معروف فلاحی ادارے الخیر ٹرسٹ کے زیر اہتمام گلبرگ جم خانہ میں ایک روزہ مفت میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں کوالیفائیڈ ڈاکٹروں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

# کراچی سے غیر قانونی تجاوزات ختم، ٹھیلے والوں کو متبادل روزگار فراہم کیا جائے، کوکب اقبال

## ہفتہ وار بازار قائم کرکے ٹھیلے والوں کو رجسٹریشن اور قانونی اجازت نامے جاری کیے جائیں، چیئرمین کیپ

کراچی (این این آئی) کنزیومر ایسوسی ایشن آف پاکستان (CAP) کے بانی و چیئرمین کوکب اقبال نے صوبائی وزیر اطلاعات سندھ شرجیل انعام میمن کی جانب سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)



# پاکستان اور پرتگال کے درمیان تجارت و سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے تجارتی وفود کے تبادلوں میں اضافہ ضروری ہے، پرتگالی سفیر

## آئی سی سی آئی صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء کا مضبوط کاروباری روابط، مشترکہ منصوبوں اور دوطرفہ تجارت میں تنوع پر زور

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) پاکستان میں پرتگال کے سفیر ایچ ای پاؤلو ڈومنگیوز نے پاکستان اور پرتگال کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لیے دونوں ممالک کے تجارتی وفود کے باقاعدہ اور زیادہ سے زیادہ تبادلوں کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کی معیشتوں میں ایک دوسرے کی ضروریات پوری کرنے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے، جسے مؤثر کاروباری روابط کے ذریعے مضبوط تجارتی شراکت داری میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء سے پرتگالی سفارت خانے میں ملاقات کے دوران کیا۔ پرتگالی سفیر نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

# فن جغرافیائی سرحدوں سے بالاتر لوگوں کو آپس میں جوڑتا ہے، آصف حیدر شاہ

## اے سی پی نے ثقافتی میلے میں کانسٹیلیشنز نمائش کا افتتاح کردیا، چیف سیکریٹری کا آرٹس کونسل صدر محمد احمد شاہ کو خراج تحسین

کراچی (بزنس رپورٹر) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی نے 25 روزہ ورلڈ کلچر فیسٹیول 2026 کے آٹھویں روز اپنی دوسری بین الاقوامی آرٹ نمائش ''کانسٹیلیشنز'' کی رونمائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)



### چکرا گوٹھ کے قریب ٹریفک حادثہ، نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے راہگیر جاں بحق

کراچی (این این آئی) کورنگی کے علاقے چکرا گوٹھ کے قریب نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے ایک راہگیر جاں بحق ہوگیا۔ ریسکیو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

### کراچی کی غریب آبادیوں میں بنیادی سہولتوں کا فقدان، ترقیاتی فنڈز کی منصفانہ تقسیم کا مطالبہ

کراچی (این این آئی) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین الطاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

# او آئی سی ممالک ایس ایم ایز کو مالی سہولیات دیں، جام کمال

## عالمی معاشی چیلنجز کے تناظر میں اسلامی ممالک کے درمیان اقتصادی یکجہتی ناگزیر ہے، وفاقی وزیر تجارت

استنبول (بزنس رپورٹر) وفاقی وزیر تجارت جام کمال نے او آئی سی رکن ممالک پر زور دیا ہے کہ وہ باہمی تجارت کے فروغ، برآمدات میں اضافے، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں (ایس ایم ایز) کو مالی سہولیات کی فراہمی اور معاشی تعاون مضبوط بنانے کے لیے مشترکہ اور عملی اقدامات کریں، موجودہ عالمی معاشی اور جغرافیائی سیاسی چیلنجز کے تناظر میں اسلامی ممالک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)



# ای ڈی ایف اور بنگلہ دیشی مشن کے درمیان تجارتی روابط پر اتفاق

## سرپرست کلیم فاروقی کے ہمراہ محمد صادق، محمد فاروق افضل، عرفان سومرو، سمیع عبداللہ سالم الخنزیری اور زبیر موتی والا موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان اور بنگلہ دیش نے کراچی میں بنگلہ دیش کے ڈپٹی ہائی کمیشن اور پاکستان کے اکنامک ڈپلومیسی فورم (EDF) کے درمیان مفاہمت کی یادداشت (MoU) پر دستخط کے ذریعے اقتصادی تعلقات کو مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم قدم اٹھایا ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)





# عمران خان کا بلڈ پریشر 190 تک پہنچنا تشویشناک ہے، مزید غفلت برداشت نہیں کریں گے، سپریم کورٹ کے احکامات کے باوجود طبی سہولیات فراہم نہ کرنا عدالتی احکامات کی سنگین خلاف ورزی ہے، رضوان نیازی

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے ایڈیشنل جنرل سیکریٹری رضوان نیازی نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی صحت، مسلسل قید تنہائی اور بنیادی طبی سہولیات کی عدم فراہمی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان کا بلڈ پریشر 190 تک پہنچنا انتہائی تشویشناک اور کیا؟ فکریہ ہے۔ سابق وزیراعظم کی صحت کے معاملے میں مزید غفلت یا لاپروائی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ان کی زندگی اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

